بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الاولی : لصحيح البخاری** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ ان عبدالله بن عباس اخبره ان ابا سفيان بن حرب اخبره ان هرقل ارسل اليه فی ركب من قريش و كانوا تجارا بالشام فی المدة التی كان رسول الله ﷺ ماد اباسفيان و كفار قريش فاتوه وهم بايليا فدعاهم فی مجلسه وحوله عظماء الروم ثم دعاهم ودعابترجمانه فقال ايكم اقرب نسبا بهذاالرجل الذی زعم انه نبی فقال ابوسفيان فقلت انا اقربهم نسبا

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ ابوسفیان کا رسول اللہ ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟ ۱۵+۵=۲۰

(ب) ہرقل اور ابوسفیان کے درمیان کیا کیا گفتگو ہوئی مفصلاً لکھیں، نیز پہلی وحی کے بعد آپ ﷺ کی کیا کیفیت تھی؟ آپ اس کے بعد کس نصرانی عالم کے پاس گئے تھے اور کیوں گئے تھے؟ وضاحت کریں۔ ۱۰+۵+۵=۲۰

سوال نمبر 2:۔ عن ام عطية قالت دخل النبی ﷺ علی عائشة فقال عندكم شیء قالت لا الا شیء بعثت به ام عطية من الشاة التی بعث اليها من الصدقة قال انها قد بلغت محلها

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی وضاحت اس طرح کریں آپ ﷺ کا مقصود واضح ہو جائے۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) صحابہ آپ ﷺ کو صرف حضرت عائشہ کی باری والے دن ہدایا کیوں بھیجتے اور اس پر ازواج مطہرات نے کیا ردعمل ظاہر کیا؟ ۱۰

سوال نمبر 3:۔ ان ميمونة زوج النبی ﷺ اعتقت وليدة لها فقال لها ولو وصلت بعض اخوالک كان اعظم لاجرک

(الف) روایت کا ترجمہ کریں وتشریح کریں نیز دلیل کے ساتھ بتائیں کہ میاں و بیوی ایک دوسرے کو ہدیہ دے سکتے ہیں یا نہیں؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) اولاد میں سے بعض کو ہدیہ دینے اور بعض کو محروم کر دینے کا کیا حکم ہے نیز ہدیہ دے کر واپس لینے کی کیا قباحت بیان کی گئی ہے؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 4:۔ (الف) رسول اللہ ﷺ کی کنیت کیا تھی؟ نیز آپ ﷺ نے لوگوں کو اپنی کنیت پر کنیت رکھنے سے کیوں منع فرمایا؟ اور بخاری کی روشنی میں آپ ﷺ کے کوئی دو معجزات بیان کریں۔ ۵+۵+۱۰=۲۰

(ب) بخاری کی روشنی میں بتائیں کہ آپ ﷺ کے مبارک اسماء کتنے اور کون کون سے ہیں۔ ۱۰

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الثانية: لصحیح مسلم | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: عن ابی هريرة ان اعرابيا جآء الی رسول الله ﷺ فقال يارسول الله دُلّنی علی عمل اذا عملته دخلت الجنة قال تعبد الله لاتشرک به شيئا وتقيم الصلوة المكتوبة وتؤدی الزكاة المفروضة وتصوم رمضان قال والذی نفسی بيده لاازيد علی هذا شيئا ابدا ولا انقص منه فلمّاولّی قال النبی ﷺ من سرّه ان ينظرالی رجل من اهل الجنة فلينظرالی هذا

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۲۰

(ب) خط کشیدہ کی اس طرح وضاحت کریں کہ شرک اور توحید کا مفہوم واضح ہو جائے۔ ۱۰

(ج) آپ اپنی استدلالی قوت کا اظہار کرتے ہوئے مذکورہ حدیث سے رسول اللہ ﷺ کے علم غیب کی دلیل بیان کر کے وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: عن انس عن النبی ﷺ قال ثلاث من كن فيه وجد بهن حلاوة الايمان من كان الله ورسوله احب اليه مماسواهما وان يحب المرء لايحبه الا لله وان يكره ان يعود فی الكفربعد ان انقذه الله منه كما يكره ان يقذف فی النار

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں، ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کے صیغے لکھیں۔ ۷+۷+۶=۲۰

(ب) مذکورہ حدیث کی تشریح اس طرح کریں کہ اس میں بیان کردہ تینوں چیزیں واضح ہو جائیں۔ ۱۰

سوال نمبر 3: حدثنا ابن ابی عمر حدثنا سفيان عن عبدالملک بن عمير عن عبدالله بن الحارث قال سمعت العباس يقول قلت يارسول الله ان ابا طالب كان يحوطک وينصرک فهل نفعه ذالک قال نعم وجدته فی غمرات من النار فاخرجته الی ضحضاح

(الف) سند اور حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) ایمان ابی طالب کے بارے جمہور اہل سنت کا موقف بیان کریں اور اس کی روشنی میں مذکورہ حدیث کی وضاحت کریں۔ ۲x۵=۱۰

سوال نمبر 4:۔ عن ابن عباس قال قدم زيدبن ارقم فقال له عبدالله بن عباس يستذكره كيف اخبرتنی عن لحم صيد اهدی رسول الله ﷺ وهو حرام قال قال اهدی له عضو من لحم صيد فرده فقال انالاناكله انا حرم .

(الف) حدیث کا ترجمہ کریں، آپ ﷺ نے محرم ہونے کی وجہ سے کھانے سے انکار کر دیا کیا محرم کیلئے کچھ کھانا جائز نہیں ہے؟ ۷+۸=۱۵

(ب) تلبیہ لکھ کر اس کا ترجمہ تحریر کریں نیز بتائیں کہ دوران حج تلبیہ کس جگہ اور کس وقت پڑھا جاتا ہے؟ ۵+۵+۵=۱۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

شهادة العالمية فى العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الثالثة: لجامع الترمذی** | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: اخبرنا ابو الیمان المعلی بن راشد قال حدثتنی جدتی ام عاصم و کانت ام ولد لسنان بن سلمة قالت دخل علینا نبیشة الخیر ونحن نأکل فی قصعة فحدثنا ان رسول الله ﷺ قال من اکل فی قصعة ثم لحسها استغفرت له القصعة

(الف) اعراب لگا کر حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) گر جانے والے لقمہ کے بارے حدیث میں کیا ہدایت ہے؟ نیز غیر مسلم کے برتنوں میں کھانا درست ہے یا نہیں؟ مدلل جواب دیں۔ ۲۰

سوال نمبر 2: عن انس ان ناسا من عرینة قدموا المدینة فاجتووها فبعثهم النبی ﷺ فی ابل الصدقة وقال اشربوا من ابوالها والبانها

(الف) حدیث کا ترجمہ و تشریح کریں نیز بتائیں کہ اونٹوں کا پیشاب تو ناپاک ہے پھر آپ نے کیوں پینے کا حکم فرمایا؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) عن النبی ﷺ قال افشو السلام و اطعموا الطعام واضربوا الهام تورثوا الجنان ، مذکورہ حدیث کی وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 3: عن سلیمان بن بریدة عن ابیه قال قال رسول الله ﷺ انی کنت نهیتکم عن الظروف وان ظرفا لایحل شیئا ولایحرمه وکل مسکر حرام

(الف) حدیث کا ترجمہ اور خط کشیدہ کے صیغے لکھیں۔ نیز پہلے شراب والے برتن استعمال کرنے کی ممانعت کیوں فرمائی تھی؟ ۶+۸+۶=۲۰

(ب) شراب کی حرمت پر دلالت کرنے والی آیت لکھیں نیز حدیث کی روشنی میں شراب پینے والے کے بارے وعیدات تحریر کریں ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 4:۔ (i) عن انس بن مالک ان النبی ﷺ کان یتنفس فی الاناء ثلاثا

(ii) عن ابن عباس ان النبی ﷺ نهی ان یتنفس فی الاناء او ینفخ فیه

(الف) دونوں حدیثوں کا ترجمہ کریں اور تشریح اس طرح کریں کہ دونوں حدیثوں میں مطابقت پیدا ہو جائے۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) شمائل کی روشنی میں آپ ﷺ کے چہرہ انور کے اوصاف بیان کریں، نیز مہر نبوت کے بارے میں وضاحت کریں۔ ۵+۵=۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الرابعة: لسنن ابی داؤد | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر1: عن ابی ذر قال قال لی رسول الله ﷺ یاابا ذر انی اراک ضعیفا وانی احب لک مااحب لنفسی فلاتأمرن علی اثنین ولاتولین مال یتیم

(۱) حدیث کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ "انی اراک ضعیفا" سے کیا مراد ہے؟ ۱۰+۱۰=۲۰

(۲) یتیم کا مال کھانے کی وعیدات بیان کریں، نیز بتائیں کہ یتیم کا حکم کب منقطع ہوجاتا ہے؟ اپنے مؤقف کو حدیث سے مؤید کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

سوال نمبر2: ان امرأة اتت رسول الله ﷺ فقالت کنت تصدقت علی امی بولیدة وانها ماتت وترکت تلک الولیدہ قال قد وجب اجرک ورجعت الیک فی المیراث قالت وانها ماتت وعلیها صوم شهر افیجزئ اویقضی عنها ان اصوم عنها قال نعم قالت وانها لم تحج افیجزئ او یقضی عنها ان احج عنها قال نعم

(۱) حدیث شریف کا ترجمہ اور تشریح کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(۲) مذکورہ حدیث سے ایصال ثواب کے جواز کا استدلال کریں اور اس پر مزید دلائل بیان کر کے مختصر مضمون تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3: قال رسول لله ﷺ من حلف فقال انی بریئ من الاسلام فان کان کاذبا فهو کما قال وان کان صادقا فلن یرجع الی الاسلام سالما

(۱) حدیث کا ترجمہ کریں، خط کشیدہ کے صیغے لکھیں، قسم میں سچا یا جھوٹا ہونے کے نتیجہ میں مذکورہ احکام کی وضاحت کریں۔ ۶+۶+۸=۲۰

(۲) احادیث کی روشنی میں بتائیں کہ قرآن پاک، کعبہ معظمہ یا اپنے والدین کی قسم اٹھانا جائز ہے یا نہیں؟ ۱۰

سوال نمبر4: عن حذیفة قال قام فینا رسول الله ﷺ قائما فماترک شیئا یکون فی مقامه ذالک الی قیام الساعة الاحدثه حفظه من حفظه ونسیه من نسیه قدعلمه اصحابه هؤلاء وانه لیکون منه الشیئ فأذکره کما یذکر الرجل وجه الرجل اذا غاب عنه ثم اذا رآه عرفه

(۱) حدیث کا ترجمہ کر کے وضاحت اس طرح کریں کہ مفہوم حدیث اور رسول اللہ ﷺ کا علم غیب واضح ہوجائے۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(۲) رسول اللہ ﷺ نے جن فتن کا ذکر کیا ان میں سے کوئی پانچ ابوداؤد کی روشنی میں بیان کریں۔ 5x۲=۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الخامسة: لسنن النسائي وابن ماجة | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول ....سنن نسائی

سوال نمبر 1: عن معقل بن يسار قال جاء رجل الى رسول الله ﷺ فقال انی اصبت امرأة ذات حسب ومنصب الاانها لاتلد افأتزوجها فنهاه ثم اتاه الثانية فنهاه ثم اتاه الثالثة فنهاه فقال تزوجوا الولود الودود فانی مكاثربكم

(الف) اعراب لگا کر حدیث شریف کا ترجمہ کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) حدیث کی اس طرح تشریح کریں کہ "بچے دو ہی اچھے" کی حیثیت قرآن وحدیث کی روشنی میں واضح ہو جائے۔ ۱۰

سوال نمبر 2: عن ابی هريرة قال قيل لرسول الله ﷺ ای النساء خير قال التی تسره اذا نظر وتطيعه اذا امر ولاتخالفه في نفسها ومالها بما يكره

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں، اور خط کشیدہ کی اس طرح وضاحت کریں کہ آپ ﷺ کے فرمان کا مقصود واضح ہو جائے۔ ۷+۸=۱۵

(ب) کتنی اور کون کون سی خوبیوں کی بنیاد پر عورت سے نکاح کیا جاتا ہے؟ حدیث کی روشنی میں جواب دیں۔ ۱۰

سوال نمبر 3: عن ابن عباس رفعه الله قال قوم يخضبون بهذا السواد آخر الزمان كحواصل الحمام لا يريحون رائحة الجنة

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کر کے بتائیں کہ اگر عورتیں اپنے بال کالے کریں تو وہ بھی اس وعید میں شامل ہوں گی یا نہیں؟ ۵+۵=۱۰

(ب) حدیث کی روشنی میں کوئی پانچ ایسے کام تحریر کریں جو موافق فطرت وسنت ہوں۔ ۳x۵=۱۵

حصہ دوم ....سنن ابن ماجہ

سوال نمبر 4: عن انس بن مالک قال قال رسول الله ﷺ طلب العلم فريضة على كل مسلم وواضع العلم عند غير اهله كمقلد الخنازير الجوهر واللؤلؤ و الذهب

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگائیں اور ترجمہ تحریر کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) کیا تمام مسلمانوں پر مکمل عالم دین بننا فرض ہے؟ نیز حدیث مذکور میں نااہل سے کون لوگ مراد ہیں؟۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 5: ان رسول الله ﷺ قال ان هذا الخير خزائن ولتلك الخزائن مفاتيح فطوبى لعبد جعله الله مفتاحا للخير مغلاقا للشر وويل لعبد جعله الله مفتاحا للشر مغلاقا للخير

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور "مفتاح للخير اور مغلاق للشر" کی وضاحت کریں؟ ۷+۸=۱۵

(ب) حدیث کی روشنی میں فقیہ اور عابد کا فرق بیان کریں، نیز علم کے لئے نکلنے والے کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث بیان کریں۔ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 6: قال رسول الله ﷺ من لزم الاستغفار جعل الله له من كل هم فرجا ومن كل ضيق مخرجا ورزقه من حيث لايحتسب

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے بیان کریں۔ ۶+(۳x۳)۹=۱۵

(ب) "كلمتان خفيفتان على اللسان ثقيلتان في الميزان حبيبتان الى الرحمن" ترجمہ کریں اور وہ دونوں کلمے تحریر کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم
تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

شهادة العالمية فی العلوم العربية والإسلامية "السنة الثانية" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۰ھ/2019ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة السادسة : لشرح معانی الآثار | مجموع الأرقام: ۱۰۰

نوٹ:۔ پہلا سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: (i) عن البراء بن عازب قال كان النبی ﷺ اذا كبر لافتتاح الصلوة رفع يد يه حتی يكون ابهاماه قريبا من شحمتی اذنيه ثم لايعود

(ii) عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ كان يرفع يد يه اذاافتتح الصلوة وحين يركع وحين يسجد

(الف) دونوں احادیث کا ترجمہ کریں اور تشریح اس طرح کریں کہ تطبیق بھی ہو جائے اور مذہب احناف کو ترجیح بھی ہو جائے۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) حدیث مذکور کے علاوہ احناف کی مؤید کوئی ایک حدیث لکھیں اور مذکورہ مسئلہ میں امام طحاوی کا قیاسی ونظری استدلال قلمبند کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

سوال نمبر 2: عن ابی مجلز قال سألت ابن عباس عن الوتر فقال سمعت رسول الله ﷺ يقول ركعة من آخر الليل وسألت ابن عمر فقال قال رسول الله ﷺ ركعة من آخر الليل

(الف) روایت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور طحاوی کی روشنی میں اس حدیث کا احتمالی مفہوم بیان کریں۔ ۵+۵+۱۰=۲۰

(ب) عندالاحناف وتر کی تین رکعت ہونے پر کوئی ایک حدیث بطور دلیل بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 3: (الف) مذہب احناف اور مذہب مخالف کے مطابق حضرت ابوامامہ کے نزدیک وتر کی کتنی رکعتیں ہیں؟ حضرت فاروق اعظم نے حضرت ابوبکر صدیق کی تدفین کے وقت وتر کی کتنی رکعت پڑھی تھیں؟ نیز دن کے وتر کس نماز کو کہتے ہیں؟ ۱۰+۵+۵=۲۰

(ب) رسول اللہ ﷺ رات کو کل کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟ تمام رکعتوں کی تقسیم کر کے تین وتر ثابت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 4: عن محمد بن سيرين قال حد ثنی مغيرة بن يونس هوابن جبير قال سألت عبد الله بن عمر قلت رجل طلق امرأ ته وهی حائض؟ قال ا تعرف عبد الله بن عمر فقلت نعم قال فان عبدالله بن عمر طلق امرأته وهی حائض فاتی عمر النبی ﷺ فسأله فأ مره النبی ﷺ ان يراجعها ثم يطلقها فی قبل عد تها

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ تحریر کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو حیض کی حالت میں طلاق دے اور پھر سنت طریقہ پر طلاق دینا چاہے تو وہ کیا کرے ؟ اس بارے مذاہب بیان کر کے بتائیں کہ امام طحاوی کی حمایت کس مذہب کے ساتھ ہے؟ اور ان کی دلیل کیا ہے؟ ۷+۸=۱۵